بسم اللہ الرحمن الرحیم

ریلائنس ونڈو تکافل آپریشنز کی شرعی حیثیت

ریلائنس انشورنس کمپنی لمیٹڈ ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر ہونے کی حیثیت سے تمام متعلقہ معاملات کے بغور مطالعہ کے بعد میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ مذکورہ کمپنی کے ونڈو تکافل آپریشنز کی بنیاد "ریلائنس تکافل" کے نام سے وقف اور وکالت کے شرعی اصولوں پر رکھی گئی ہے، جس کے لئے کمپنی کے صاحبانِ حصص (shareholders) نے ایک مخصوص رقم وقف کر کے وقف فنڈ قائم کر دیا ہے جو کہ طے شدہ شرائط وضوابط کے مطابق اپنے عطیہ دہندگان / ممبران کے ہونے والے نقصان کا ازالہ کیا کرے گا۔ اور ریلائنس انشورنس کمپنی لمیٹڈ ونڈو تکافل آپریشنز بحیثیت وکیل اور متولی اس وقف فنڈ کی نگرانی کرے گی اور اس کے انتظام وانصرام کو سنبھالے گی۔

نیز میں نے "ریلائنس تکافل" (ریلائنس انشورنس کمپنی لمیٹڈ ونڈو تکافل آپریشنز) کی جملہ اسکیموں کے حصولِ رکنیت فارم، ان کی عملی تطبیق اور دیگر متعلقہ امور بشمول سرمایہ کاری وغیرہ کا جائزہ لیا ہے، اور بحمد اللہ میں نے ان تمام امور کو شریعت کے مطابق پایا ہے، لہٰذا میری رائے میں "ریلائنس تکافل" (ریلائنس انشورنس کمپنی لمیٹڈ ونڈو تکافل آپریشنز) کے کسی بھی پلان کی رکنیت حاصل کرنا، اس کے زیرِ انتظام چلنے والے وقف فنڈ میں تبرع کرنا اور بوقتِ نقصان اس سے فوائد حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔ واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم

بندہ محمد فرحان فاروق

شرعی مشیر

"ریلائنس تکافل" (ریلائنس انشورنس کمپنی لمیٹڈ ونڈو تکافل آپریشنز

تاریخ: ۲۱ جولائی، ۲۰۱۶ء، بمطابق ۱۶ شوال المکرم ۱۴۳۷ھ